شاہ پکچرز کا

[illegible]

ادا کاران

زہرا مینو ممتاز

حُسن لتیں

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گا غم گھر کی بات کے لے

گانا نمبر ۱

ب کو بھگوان دیکھ رہا ہے تو سب کا پالن ہارا تو
جس کا جگ میں کوئی نہیں اُس کا ایک سہارا تو

سہارا مل گیا حسین باہوں کا
اشارہ ہو گیا تیری نگاہوں کا
ان ہے تو جیون ہوں میں ہے تیر کمان ہوں میں
تیرے لئے ہے زندگی

ا۔ب زندگی میں جب ہی سُکھ ہے
جب ہم تیرا دھیان دھریں
دور ہو جیون سے اندھیارا
سُکھ کے جگ میں دیپ جلیں

جلیں گے شمع کی لو پر پروانے
ملیں گے پیار میں آج دیوانے
بڑا مزا ہے پیار میں کسی کے انتظار میں
نام ہے اسی کا زندگی

زندگی ہے اسی میں بھلائی
بھگوان کے گن گا لے تو
دو دن کا ہے جیون سارا
اس کو سپھل بنا لے تو

مینو:۔ بنا لو ہم سفر کوئی راہوں میں
بسا لو پیار اپنی نگاہوں میں
نظر لے جہاں چلے جہاں سے دور ہم چلے
دشمن ہے دنیا پیار کی

اندرا:۔ سب کو بھگوان دیکھ رہا تو
سب کا پالن ہار تو

گانا نمبر ۳

آجا مل کر چلیں وہاں پھول پیار کا کھلے جہاں
لے کے ہاتھوں میں ہاتھ چلیں ساتھ ساتھ
منزل کی کھوج میں ہم
رنگ لائی ہے پریت گائیں پیار کے گیت
یہ کہہ رہا ہے موسم ۔۔۔ آجا مل کر ۔۔۔
ایک درد میٹھا بن کے سما گیا ہے دل میں
دل کہتا ہے چھپ جاؤں میں تیرے آنچل میں
رنگین فضا یہ ٹھنڈی ہوا جھوم کے لگ جا گلے
لے کے ہاتھوں ۔۔۔
ایک راہ کے ہم دو راہی بچھڑیں گے کبھی نہ مل کے
تیرت ہیں جن کے کھلنا دو پھول مہک گئے کھل کے
ہم گاتے ہوئے مسکاتے ہوئے نئی دنیا بسانے چلے
لے کے ہاتھوں ۔۔۔
آجا مل کر

گانا نمبر ۳

اوپر والے نے جلدی میں لکھی میری تقدیر
بھول گیا میرے ہاتھ میں دینا جورو کی لکیر
ہائے رے ہائے بیڈ میرا لک
بڑا ہے بیڈ میرا لک
دمڑی مل کی لڑکی ہو یا دولت رام کی سالی
اپنے گھر میں بھیج دے مالک
کوئی چوڑیوں والی
گورے گورے ہاتھوں سے مجھے کھلائے کھیر
بھول گیا میرے ——
دیا کرے کوئی لڑکی والا رہوں نہ کہیں کنوارا
ایک پہیئے کی گاڑی ہے پھروں کب تک مارا مارا
کاش تیرے خالی کوئی بن جائے تصویر
بھول گیا میرے ——

گانا نمبر ۴

میں تو بھائی کو گڑیا بناؤں گی
ارے جی میں تو بھائی ——
سنگ سنگ ڈولیں گے سنگ سنگ ناچیں گے
خوشیوں کے پھول برساؤں گی —— میں تو
[illegible] گئے تھے بیتش کی گڑیا
[illegible] بن گئی سونے کی چڑیا

میں تو ناچوں گی خوشیاں مناؤں گی — میں تو...
مالک نے کیسی جوڑی بنا دی
چندا سا بھیا چکوری سی بھابی
چاند تاروں سے سب کو سجاؤں گی — میں تو —
بھابی جی کے جب ہوگا ایک للنا
بھیا جی لائیں گے سونے کا پلنا
میں تو سنہیں ننھن کے جھولا جھلاؤں گی — میں تو —

گانا نمبر ۵

یہ سماں یہ خوشی... کچھ بولو جی... بولو جی
مجھے تم جو ملے سارے دنیا ملی
میری ہر بات آج ملتی... چھوڑو جی۔ چھوڑو جی
سامنے تم ہو تو آنکھیں کس نشے میں چور
دیکھے بانہوں کا سہارا لے چلو کہیں دور
آج ہر ایک چیز میں ہے رنگ اور دردِ تلخی
——— کچھ بولو
کہہ رہی ہیں ہم سے نظریں کہ صاف بولو تو اقرار
ساتھ یہ جو تم ہمارے جا لگیں گے پار
پیار میں جو تم ملے ہو بن گئی زندگی
——— چھوڑو جی
چھیڑ دی موجوں نے میری زندگی کی دھن
ملیں کے تم بولو تم تو جھومنا ہے دل

تیری مسکانوں سے میری پیار کی دُھن سجی
چھوڑ دی

گانا نمبر ۶
ایک بات سنو نوجوانِ وفا
ہم تم سے محبت کرتے ہیں
صورت پہ تمہاری دل ہے فدا
ہم تم سے محبت کرتے ہیں
تم شمع ہو ہم پروانے ہیں
تم حسن ہو ہم دیوانے ہیں
ہم مجنوں ہیں تم ہو لیلےٰ ۔ ہم تم سے
ان آنکھوں کا جادو کیا کہیئے
ان زلفوں کی خوشبو کیا کہیئے
دلکش ہے تمہاری ہر ایک ادا
ہم تم سے
ہم مرتے سے کب ڈرتے ہیں
نتھو جیسی سے تم پہ مرتے ہیں
عاشق کے لیے مر جانا کیا
ہم تم سے محبت کرتے ہیں
گانا نمبر ۷
نگری نگری ناچ رہی ہوں
ساتھ لئے بارات

ٹھمک ٹھمک کر دن بیتا
اب آگئی سر پہ رات
کہو میں کب تک ناچوں ۔ کہو میں کب تک...
میرے پاؤں میں آگئی موچ
رہا نہ بوجھ ذرا تو سوچ
اور ا ماہو ۔ کہو میں کب..
میں ناچوں تو باجا باجے سا۔ رے۔ گا۔ ما۔ پا
ناچ پہ مورے طبلہ ترکٹ ترکٹ ۔ تھا
چھم چھم موری پائل باجے تا ۔ تا ۔ تھے : تا تا ۔ تا
کہو میں کب تک ناچوں
ناچ رنگ سب دیکھ رہے ہیں ترس نہ کوئی کھائے
ناچ ناچ کر گھنگھرو ٹوٹے اب نا ناچا جائے
ایسے ایسے بے دردی بندوں سے رام بچائے
ہوا ماہو ۔ کہو میں کب —
بھیس بدل کر دوارے دوارے ناچ رہی ہے گوری
چال کپٹ چھپتے نہیں لوگو تن لو بتیاں موری
دنیا چاہے لاکھ چھپائے
کھل جاتی ہے چوری
اورا ماہو ۔ کہو میں کب —

ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	۱/۴/-	چینی فرشتہ	۱/۴/-
حصہ دوئم	۱/۶/-	جادوگر جاسوس	۱/۴/-
بین نقاب پوش	۱/-/-	جادوگر جیب	۱/۴/-
دہلی کے عیاش	۱/-/-	موت کا مینار	۱/۴/-
سمندری ڈاکو	۱/-/-	خونی نشان	۱/-/-
باپ کا قاتل	۱/-/-	ڈاکو شمشاد	۱/-/-
خونی جنتری	۱/-/-	خونی شہزادہ	۱/-/-
بین ڈاکو	۱/-/-	بہادر ٹارزن	۱/۹/-
خومنچو کا سایہ	4/-/-	چلتا پرزہ	1/8/-
خومنچو کی بیٹی	4/-/-	دو لاشیں	-/12/-
ڈاکٹر خومنچو کا انتقام	3/-/-	خونی کمنڈر	-/12/-
ڈاکٹر خومنچو	3/-/-	سراغرساں	-/12/-
گردشِ دوراں	3/8/-	خونی چراغ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن ۱/۸/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی